## دبئی میں مقیم پاکستانی تاجر کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گدلے پانی کو صاف کرنے والا فلٹر پلانٹ کا عطیہ

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2010ء

دبئی میں مقیم معروف پاکستانی تاجر افضال کی جانب سے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گدلے پانی کو صاف کرنے والا واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کیا۔ جدید طرز کا یہ فلٹر پلانٹ تاجر افضال نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار، ارکان رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کر کے ان کے حوالے کیا، واٹر فلٹر پلانٹ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے جو ایک گھنٹے میں ایک ہزار لیٹر گدلے پانی کو صاف کر کے پینے کے قابل بناتا ہے جس سے سیلاب متاثرین کو پینے کا صاف پانی پینے ملے گا بلکہ اس کے استعمال سے کیمپوں میں مقیم سیلاب زدگان میں گدلے پانی سے پھیلنے والے وبائی امراض پر بھی قابو پایا جا سکے گا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے سیلاب زدگان کیلئے تاجر افضال کے احساسات کا خیر مقدم کیا اور واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مہمان تاجر کو سیلاب زدگان کیلئے جاری ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیوں سے تفصیلی آگاہی فراہم کی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جاری امدادی سرگرمیوں کا بغور معائنہ بھی کروایا۔ تاجر افضال نے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور سیلاب زدگان کیلئے مزید واٹر فلٹر پلانٹ عطیہ کرنے کا عندیہ دیا۔

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ماما بے بی کیئر اسکول کی جانب سے دو ٹرک امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ

کراچی۔۔۔14، ستمبر 2010ء

ماما بے بی کیئر اسکول کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے دو ٹرک امدادی سامان متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیا گیا۔ امدادی سامان اسکول کے ایڈمنسٹر محمد علی حسین اور پرنسپل مسز شبیہ زہرہ نے حق پرست اقلیتی ارکان منوہر لعل اور اے رشید خان سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ملاقات کے دوران حوالے کیا جس میں خشک اجناس، ادویات، ملبوسات اور دیگر اشیاء شامل ہیں۔ اس سے قبل حق پرست نمائندوں نے مہمان ڈونر کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کرایا اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کی تفصیل سے آگاہی فراہم کی۔ مہمان ڈونر نے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور ان کی تعریف کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے رکن منوہر لعل اور دیگر بھی موجود تھے۔

## ایم کیو ایم انسانیت کے جذبے سے سرشاد ہو کر دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے، یوسف شاہوانی
## عید کے موقع پر بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب متاثرین میں اجناس، بچوں میں کپڑے اور عید گفٹ کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ۔۔۔14، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کی رابطہ کمیٹی رکن یوسف شاہوانی نے عیدالفطر سیلاب متاثرین کے ساتھ منائی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بچوں کے نئے ملبوسات، شیر خورمے کے پیکٹ، غذائی اجناس اور عید گفٹ تقسیم کئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی رکن یوسف شاہوانی، صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین، انتظار حسین، عبدالغنی اور اکبر منگل وارا کین، اس علاوہ ڈسٹرکٹ کوئٹہ سٹی کے آرگنائزر سید سلیم اختر، محمد ادریس محمد نعیم یوسفزئی اور جاوید بھی موجود عیدالفطر بوائے اسکاؤٹس کی خیمہ بستی کے سیلاب متاثرین کے درمیان رہ کر منائی۔ رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ہو کر دکھی انسانیت کی بلا امتیاز رنگ و نسل خدمت پر یقین رکھتی ہے اور آج بھی مشکل کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار و کارکنان سمیت ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز شبانہ روز متاثرین سیلاب کی طبی امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ متاثرین سیلاب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کاوشوں کو سہراتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور درازی عمر کے لئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆